**CLASS : 10th (Secondary)** **Code No. 1111**

**Series : Sec/Annual Exam.-2024**

*Roll No.* | | | | | | | | | | |  **SET : A**

# اردو

# URDU

*(Academic/Open)*

(Only for Fresh/Re-appear/Improvement/Additional Candidates)

*Time allowed : **3** hours ]* *[ Maximum Marks : **80***

---

- *कृपया जाँच कर लें कि इस प्रश्न-पत्र में मुद्रित पृष्ठ **8** तथा प्रश्न **18** हैं।*

- *प्रश्न-पत्र में दाहिने हाथ की ओर दिये गये **कोड नम्बर** तथा **सेट** को छात्र उत्तर-पुस्तिका के मुख्य-पृष्ठ पर लिखें।*
- *कृपया प्रश्न का उत्तर लिखना शुरू करने से पहले, प्रश्न का क्रमांक अवश्य लिखें।*
- *उत्तर-पुस्तिका के बीच में खाली पन्ना/पन्ने न छोड़ें।*
- *उत्तर-पुस्तिका के अतिरिक्त कोई अन्य शीट नहीं मिलेगी। अतः आवश्यकतानुसार ही लिखें और लिखा उत्तर न काटें।*
- *परीक्षार्थी अपना रोल नं० प्रश्न-पत्र पर अवश्य लिखें। रोल नं० के अतिरिक्त प्रश्न-पत्र पर अन्य कुछ भी न लिखें और वैकल्पिक प्रश्नों के उत्तरों पर किसी प्रकार का निशान न लगाएँ।*

- *कृपया प्रश्नों के उत्तर देने से पूर्व यह सुनिश्चित कर लें कि प्रश्नपत्र पूर्ण व सही है,* ***परीक्षा के उपरान्त इस सम्बन्ध में कोई भी दावा स्वीकार नहीं किया जायेगा।***

---

نوٹ : سبھی سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔ ہر سوال کا نمبر اُس کے سامنے درج ہے۔

**1.** مندرجہ ذیل معروضی سوالات کے **چار چار** جوابات دئے گئے ہیں۔ صحیح جواب کا انتخاب کر کے اپنی کاپی میں لکھئے : 1 x 8 = 8

(i) جس نظم میں خدا کی تعریف بیان کی جاتی ہے اُسے کیا کہتے ہیں ؟

(a) نعت (b) حمد

(c) منقبت (d) قصیدہ

(ii) کنھیا لال کپور کا خاص میدان کیا تھا ؟

(a) شاعری (b) افسانہ نگاری

(c) طنز و مزاح (d) تنقید

(iii) ''عوامی شاعر'' کے نام سے کون مشہور ہے ؟

(a) اکبرؔ الہ آبادی (b) نظیرؔ اکبر آبادی

(c) چکبستؔ (d) اقبالؔ

(iv) پریم چند کا اصلی نام کیا تھا ؟

(a) امرت رائے (b) گنپت رائے

(c) سُبرت رائے (d) دھنپت رائے

(v) ''دریا دلی'' کے کیا معنی ہیں ؟

(a) بہتا ہوا دریا (b) دریا کی تیز دھار

(c) فراخ دلی (d) دل کی بات

(vi) ''خدائے سخن'' کس شاعر کے لئے کہا گیا ہے ؟

(a) میرتقی میرؔ (b) غالبؔ

(c) اقبالؔ (d) نظیرؔ اکبر آبادی

(vii) ''حباب'' کے کیا معنی ہیں ؟

(a) چنگاری (b) سمندر

(c) جھاگ (d) بُلبُلہ

(viii) سید احتشام حسین کہاں پیدا ہوئے ؟

(a) علی گڑھ (b) اعظم گڑھ

(c) دہلی (d) الہ آباد

**.2** مندرجہ ذیل معروضی سوالات کے جوابات اپنی کاپی میں **ایک** یا دو لفظ میں لکھئے : 8 x 1 = 8

(i) نظیر اکبر آبادی کا اصل نام کیا تھا ؟

(ii) میر تقی میرؔ کہاں پیدا ہوئے ؟

(iii) لفظ ''ہستی'' کے کیا معنی ہیں ؟

(iv) اِضطراب کے کیا معنی ہیں ؟

(v) احسان کی جمع کیا ہے ؟

(vi) عورت کا مذکر کیا ہے ؟

(vii) فوج کی جمع کیا ہے ؟

(viii) اقسام کا واحد لکھئے۔

**.3** سورج کو چشمہ کیوں کہا گیا ہے ؟ 2

**.4** ''جیسی کرنی ویسی بھرنی'' سے کیا مراد ہے ؟ 2

**.5** شعر میں ''خانہ خراب'' کسے کہا گیا ہے ؟ 2

**.6** ''بریل'' ایجاد کرنے والے کا نام کیا تھا ؟ 2

**.7** گلہری ایسا کون سا کام کر سکتی ہے جو پہاڑ کے بس کا نہیں ہے ؟ 2

**.8** رضیہ کس بادشاہ کی بیٹی تھی ؟ 2

**.9** ساحرؔ لدھیانوی کا اصل نام کیا تھا ؟ 2

**10.** مندرجہ ذیل عبارت کی تشریح حوالوں کے ساتھ کیجئے : 5 x 1 = 5

پھر اکبر نے رگھوپت کی طرف دیکھ کر کہا، ''مجھے پہلے یہ معلوم نہ تھا کہ بہادر راجپوت بات کے اتنے دھنی ہوتے ہیں۔'' تمہاری بہادری اور ایفائے وعدہ سے میں بہت خوش ہوا، میں نے تم کو بھی چھوڑا۔'' رگھوپت سنگھ گھٹنوں کے بل زمین پر جھک گیا اور کہا، ''آپ جس رگھوپت کو اتنی مشکل سے بھی جیت نہ سکے، آج اپنی دریا دلی دکھا کر آپ نے اسے جیت لیا۔ آپ بہادروں کی وقعت کرنا جانتے ہیں۔ اب میں کبھی آپ کا دشمن ہو کر تلوار نہ آٹھاؤں گا۔''

**11.** مندرجہ ذیل میں سے کسی **ایک** شعری حصّے کی تشریح حوالوں کے ساتھ کیجئے : 5 x 1 = 5

**(الف)**

رحمت سے تیری کیا کیا ہیں نعمتیں میسّر

اِن نعمتوں کا تجھ کو ہے قدرداں بنایا
ہر چیز سے ہے تیری کاری گری ٹپکتی
یہ کارخانہ تو نے کب رائیگاں بنایا

**(ب)**

جنگ تو خود ہی ایک مسئلہ ہے — جنگ کیا مسئلوں کا حل دے گی
آگ اور خون آج بخشے گی — بھوک اور احتیاج کل دے گی

**12.** فیس معاف کرانے کے لئے اپنے پرنسپل کو ایک درخواست لکھئے۔ 5 x 1 = 5

**(یا)**

سیکشن تبدیل کرانے کے لئے اپنے پرنسپل کو ایک درخواست لکھئے۔

**13.** مندرجہ ذیل میں سے کسی **ایک** شاعر کی حیات اور شخصیت پر مضمون لکھئے : 5 x 1 = 5

(i) نظیؔر اکبرآبادی۔

(ii) ساحؔر لدھیانوی۔

(iii) بشرنواز۔

**14.** مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی **ایک** پر مضمون لکھئے : 8 x 1 = 8

(i) اپنا پسندیدہ استاد۔

(ii) کھیل کود کی اہمیت۔

(iii) اپنا اسکول۔

**15.** خالی جگہوں کو دئے گئے الفاظ کی مدد سے پُر کیجئے : 2 x 4 = 8

(پانی، آلودہ، بارش، جراثیم)

(i) تالابوں کا پانی جانوروں کے نہانے سے۔۔۔۔۔۔۔۔ہو جاتا ہے۔

(ii) صحت کے لئے صاف۔۔۔۔۔۔۔ضروری ہے۔

(iii) ۔۔۔۔۔۔۔کا پانی قدرتی طور پر صاف ہوتا ہے۔

(iv) مکھیاں۔۔۔۔۔۔۔پھیلاتی ہیں۔

**16.** مندرجہ ذیل دی گئی نادیدہ عبارت (Unseen Passage) کوغور سے پڑھئے اور پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجئے :

8 x 1 = 8

سرسید احمد خاں ہمارے قومی رہنما تھے۔ سرسید جانتے تھے کہ اگر قوم کو زندہ رہنا ہے تو وقت کے تقاضوں کا ساتھ دینا ہوگا۔ وہ چاہتے تھے کہ مغرب کی تہذیب اور روایات کے ایسے عناصر جو ہماری قوم کے مسائل حل کرنے میں مدد دے سکتے ہیں انہیں قبول کرلیا جائے۔ سرسید تحریک کی بنیاد فراخ دلی اور عقیدت پر تھی۔ سرسید نے ''تہذیب الاخلاق'' رسالہ جاری کیا۔ سائنٹیفک سوسائٹی قائم کی اور علی گڑھ کالج کی بنیاد ڈالی جو آج مسلم یونیورسٹی ہے۔ اپنی تحریروں اور رسالوں کے ذریعے اردو زبان وادب، شاعری اور تنقید کا رُخ ہی بدل دیا۔ ان کے رفقا میں محمد حسین آزاد، ڈپٹی نذیر احمد، الطاف حسین حالؔی اور مولانا شبلی نعمانی قابلِ ذکر ہیں۔ سرسید نے اردو شعرا اور مصنفین کو نیا ادبی نقطۂ نظر دیا۔ بیان کی سلاست اور سادگی پر زور دیا۔

**سوالات :**

(i) سرسید احمد خان کون تھے ؟

(ii) سرسید کیا جانتے تھے ؟

(iii) سرسید کیا چاہتے تھے ؟

(iv) سرسید کے رسالہ کا کیا نام تھا ؟

(v) سرسید نے کس چیز کی بنیاد ڈالی ؟

(vi) سرسید نے اپنی تحریروں اور رسالوں کے ذریعے کس چیز کا رُخ بدل دیا ؟

(vii) سرسید کے رفقا میں کون کون لوگ تھے ؟

(viii) سرسید نے کس بات پر زور دیا ؟

**17.** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کی تعریف مثال کے ساتھ لکھئے : 1 x 3 = 3

(i) ضمیر۔

(ii) صفت۔

(iii) فعل۔

**18.** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کی تعریف لکھئے : 1 x 3 = 3

(i) غزل۔

(ii) نظم۔